تبصرہ نگار: م۔ح۔ج

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ــــــــ (ادارہ)

....معجم القرآن، (جیبی سائز)، مصنف: سید فضل الرحمٰن، صفحات: ۳۶۰، قیمت: ۹۶، ناشر، زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے ۴/ ۱۷/ ۱، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی۔ پوسٹ کوڈ: ۷۴۶۰۰، فون: ۶۶۸۴۷۹۰

سید فضل الرحمٰن صاحب حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نقش بندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحب زادے ہیں، اہل علم میں بھی بلند مقام کے حامل ہیں، علوم اسلامیہ کے ذخیرے میں قابل قدر تالیفات سے وقیع اضافہ فرمایا ہے، قرآن حکیم کی ایک مختصر تفسیر بھی زیر ترتیب ہے جس کی چھ جلد شائع ہو چکی ہیں، اس کے علاوہ انھوں نے قرآنی الفاظ کی ڈکشنری بھی مرتب فرمائی ہے جس کا جدید ایڈیشن بھی عنقریب منصۂ شہود پر آنے کی امید ہے، اس معجم القرآن (کبیر) کی ضخامت کے پیش نظر ان کا خیال ہوا کہ اس کا ایک اختصار تیار کر دیا جائے تاکہ طلبہ اور کم عربی جاننے والوں کے لیے مزید سہولت ہو جائے، اس طرح یہ خیال معجم القرآن (جیبی سائز) کی شکل میں متشکل ہوا ہے۔

اس جیبی سائز کی معجم القرآن میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ قرآن حکیم میں مفہوم اور شکل کے فرق سے جو الفاظ ملتے جلتے آرہے ہیں انھیں لے لیا گیا ہے، اس کے ساتھ مختصر معانی دے دیئے گئے ہیں تاکہ طالب فوری طور پر اپنے مطلوبہ لفظ اور اس معنی کو دیکھ لے، اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآنی ادب میں یہ ایک مفید اضافہ ہے، فہم قرآن کی امدادی کتب میں قابل قدر مقام کی حامل یہ معجم ان شاء اللہ مقبولیت حاصل کرے گی، کتاب کمپیوٹر کتابت اور سفید عمدہ کاغذ پر خوب صورت شائع کی گئی ہے، قیمت بھی مناسب ہے۔

۲....فرہنگ سیرت، مصنف: سید فضل الرحمٰن، صفحات: ۳۲۸، قیمت: ۱۵۰، ناشر، زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے ۴/ ۱۷/ ۱، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی۔ پوسٹ کوڈ: ۷۴۶۰۰، فون: ۶۶۸۴۷۹۰

حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب کو سیرت نبوی کے موضوع سے خاص شغف ہے، انھوں نے سیرت کے موضوع پر ہادی اعظم صلی اللہ علیہ وسلم جیسی جامع کتاب تصنیف فرمائی ہے اور ان کی زیر ادارت ''السیرۃ عالمی'' جیسا علمی وتحقیقی شش ماہی مجلہ بھی شائع ہوتا ہے، جس کے ۱۱ شمارے اب تک منظر عام پر آچکے ہیں، زیر تبصرہ کتاب ''فرہنگ سیرت'' سیرتی